12411-اعتکاف کی شروط

سوال

اعتکاف کی شروط کیا ہیں، اور کیا روزے اعتکاف کی شروط میں شامل ہیں، اور کیا اعتکاف کرنے والا مریض کی عیادت یا پھر کسی کی دعوت قبول کرسکتا ہے یا اپنے گھر کی ضروریات پورا کرسکتا ہے یا جنازہ کے ساتھ جاسکتا ہے یا کام پر جاسکتا ہے ؟

پسندیدہ جواب

جس مسجد میں نماز باجماعت ادا کی جاتی ہو وہاں اعتکاف کیا جاسکتا ہے، اور اگر اعتکاف کرنے والا ان میں سے ہو جن پر جمعہ واجب ہے تو وہ جمعہ کے لیے دوسری مسجد میں جاسکتا ہے، اس لیے اگر اس مسجد میں جہاں جمعہ ہوتا ہو وہاں اعتکاف کیا جائے تو افضل ہے ۔

اعتکاف کرنے والے کے لیے روزہ لازم نہیں ۔

اعتکاف کرنے والے کے لیے سنت یہ ہے کہ وہ دوران اعتکاف نہ تو کسی مریض کی عیادت کے لیے جائے اور نہ ہی کسی کی دعوت کھانے مسجد سے باہر جائے، اور نہ ہی اپنی گھریلو ضروریات پوری کرنے کے لیے مسجد سے نکلے، اور نہ ہی کسی جنازہ کے ساتھ جائے اور اسی طرح ڈیوٹی پر جانے کے لیے مسجد سے باہر نہ نکلے کیونکہ حدیث میں ہے کہ :

عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا بیان کرتی ہیں کہ : اعتکاف کرنے والے کے لیے سنت یہ ہے کہ وہ کسی مریض کی عیادت نہ کرے، اور نہ ہی کسی جنازہ کے ساتھ جائے، اور نہ عورت کو چھوئے اور نہ ہی اس سے مباشرت کرے، اور نہ ہی کسی کام کے لیے نکلے، لیکن جس کام کے بغیر گزارہ نہ ہو وہ کرسکتا ہے ۔

سنن ابوداود حدیث نمبر (2473) ۔